فوری ریلیز کے لیے: 2022/16/12 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے چائنا ٹاؤن کے لیے 20$ ملین کے راؤنڈ 5 ڈاؤن ٹاؤن ری وائٹلائزیشن انیشیٹو کے جزو کے طور پر 11 منصوبوں کا اعلان کیا

ڈاؤن ٹاؤن احیاء و تعمیر نو کے گیارہ منصوبے اس کی ثقافت اور معیشت کو بہتر بنائیں گے اور صحت و تندرستی اور کاروباری مواقع فراہم کریں گے

پروجیکٹس کی تفصیلات یہاں دستیاب ہیں

گورنر Kathy Hochul نے آج چائنا ٹاؤن میں 20$ ملین کے ڈاؤن ٹاؤن ری وائٹلائزیشن انیشیٹو ایوارڈ کے جزو کے طور پر گیارہ منصوبوں کا اعلان کیا۔ ڈاؤن ٹاؤن ری وائٹلائزیشن انیشئیٹو ایوارڈ کے راؤنڈ 5 میں ریجنل اکنامک ڈیولپمنٹ کاؤنسلز کو دو میں سے فی کمیونٹی 10$ ملین یا ایک کمیونٹی کو 20$ ملین کا ایوارڈ دینے کا موقع ملا۔ نیو یارک شہر کی ریجنل اکنامک ڈیولپمنٹ کونسل نے چائنا ٹاؤن کے کاروباروں اور نیو یارک شہر میں رہائش پذیر ایشیائی تارکین وطن پر وبا کے مخصوص اور شدید اثرات کے اعتراف میں چائنا ٹاؤن کو 20$ ملین ڈالر کا ایوارڈ دینے کا انتخاب کیا۔ احیاء و تعمیر نو کے ان منصوبوں کے ذریعے یہ تاریخی کمیونٹی دوبارہ ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکے گی اور اپنی منفرد راہداریوں، ریستورانوں، کاروباری اداروں، باغات اور ثقافتی اداروں کو پھر سے کھول سکے گی، اور اس طرح لوئر ایسٹ سائیڈ ایک بار پھر چائنا ٹاؤن کمیونٹی کا نسلی تنوع ملاحظہ کرنے اور اس کا حسن محسوس کرنے کے لئے ایک جگہ بن جائے گی۔

"یہ اعلان چائنا ٹاؤن کی کمیونٹی کے لیے ایک تاریخی لمحے کی حیثیت رکھتا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ اہم سرمایہ کاریاں علاقے میں مثبت تبدیلی لائیں گی اور پیدل ٹریفک، اقتصادی اور ثقافتی سرگرمیوں میں بہتری لا کر اسے مقامی افراد اور سیاحوں کے لئے یکساں طور پر ایک زیادہ متحرک اور راغب کرنے والا مقام بنائیں گی۔"

چائنا ٹاؤن مین ہٹن میں نسلی تنوع کا حامل ایک علاقہ ہے جس میں چین سے باہر کسی شہری علاقے میں سب سے بڑی چینی آبادی ہونے کے علاوہ لاطینی امریکی، اطالوی اور مشرقی یورپ کی یہودی نسل والے اور دیگر پس منظروں کے رہائشی بھی شامل ہیں۔ کمیونٹی کو اپنے تنوع اور ثقافتی کشش کے حامل مقامات، تجربات اور خدمات کی وسعت پر فخر ہے۔ چائنا ٹاؤن ڈاؤن ٹاؤن ری وائٹلائزیشن انیشئیٹو (DRI) کا اسٹریٹجک انویسٹمنٹ منصوبے کی توجہ وہاں کے باسیوں اور وہاں آنے والے سیاحوں کے لئے معیار زندگی اور معاشی تحریک میں بہتری لانے اور ایک اہم ثقافتی مقام کے طور پر اپنی تاریخ کو اجاگر کرنے پر مرکوز ہے۔ DRI کے ذریعے چائنا ٹاؤن سیاحوں کو اپنی جانب راغب کرنے، پیدل ٹریفک کی زیادہ سے زیادہ حوصلہ افزائی کرنے اور اقتصادی اور ثقافتی سرگرمیوں کو مزید افزوں کرنے کے لئے خوش آمدیدی مقامات، گلیاں اور عوامی جگہوں کی تزئین و تعمیر میں مصروف ہے۔ اس کے علاوہ، یہ ایوارڈز ایک کمیونٹی ہیلتھ اینڈ ویلنیس سینٹر قائم کریں گے، بچوں کی دیکھ بھال کی سہولت مہیا کریں گے، اور خاندانوں کی معاونت کرنے والا ایک مرکز، ایک طباخی آرٹس مرکز اور ایک ثقافتی استقبالیہ مرکز بھی فراہم کریں گے۔

یہ سرمایہ کاریاں ڈاؤن سٹیٹ میں معیشت کے احیائے نو اور مغربی نیویارک کے اندر مزید مواقع پیدا کرنے کے لیے گورنر کی مسلسل جاری کوششوں کا جزو ہیں۔ DRI کی قیادت ڈیپارٹمنٹ آف سٹیٹ کرتا ہے، اور جوں جوں ہر حصہ

لینے والی کمیونٹی ایسے مخصوص پروجیکٹس کی نشاندہی کرنے کے لئے سٹریٹجک انویسٹمنٹ پلان تیار کرتی ہے جن میں ڈاؤن ٹاؤن علاقے کے احیاء و تعمیر کے لیے منفرد وژن ہو تو DRI انہیں تکنیکی مدد فراہم کرتا ہے۔

DRI کے ذریعے سرمایہ فراہم کرنے والے مخصوص منصوبے علاقے کے سٹریٹجک انویسٹمنٹ پلان میں شامل متعدد اہداف اور حکمت عملیوں کی معاونت کرتے ہیں، مثلاً —سڑکوں اور گلیوں اور عوامی اجتماع والے مقامات کے باہمی ربط کو مزید بہتر بنانا، اور صحت و تندرستی اور کاروبار کی اضافی سہولیات فراہم کرنا؛ اور فنون لطیفہ، ثقافتی، اور تفریحی مقامات اور مواقع میں اضافہ کرنا۔ جوں جوں احیائے نو کا عمل آگے بڑھے گا اور اس کی رفتار تیز ہوگی، تو DRI کے ذریعے ان پروجیکٹس میں 20$ ملین کی ریاستی سرمایہ کاری کے ذریعے سرکاری اور نجی شعبے کو مزید مدد و معاونت ملے گی۔

DRI کے ذریعے سرمایہ فراہم کردہ مخصوص پروجیکٹس میں درج ذیل شامل ہیں:

<u>سڑکوں اور گلیوں اور عوامی اجتماع والے مقامات کے باہمی ربط کو مزید بہتر بنانا</u>

کملاؤ سکوائر کی تزئین و تعمیر نو – DRI ایوارڈ: 5,000,000$
مزید تنوع کی حامل کمیونٹی تقاریب کو سہولیات فراہم کرنے کے لئے کملاؤ سکوائر کی توسیع، سیاحوں کو اس علاقے کی جانب راغب کرنا، اور کمیونٹی کے قلب میں وسیع کھلی جگہ فراہم کرنا۔

چائنہ ٹاؤن تک پارک رو کنیکشن کی تزئین و آرائش - DRI ایوارڈ: 4,000,000$
بروکلین پل سے کملاؤ سکوائر تک پارک رو کی رسائی والے راستے کو خوبصورت اور بہتر بنانے کے لئے بڑے پیمانے پر بہتریاں لاگو کرنا۔

سارہ ڈی روزویلٹ پارک کے ایک سیکشن کو اپ گریڈ کرنا - DRI ایوارڈ: 3,285,000$
باغات میں عوامی مقامات کو کثیر النسل مقامی کمیونٹی کے لئے بیٹھنے کی نشستوں، سائے، اور سجاوٹ و آرائش کے ذریعے مزید پرکشش بنا کر ان تک رسائی بڑھانا۔

پورے چائنہ ٹاؤن میں آرائشی مصوری اور روشنی کی پرجیکشن والی آرٹ نصب کرنا- DRI ایوارڈ: 924,000$
چائنا ٹاؤن میں نمایاں مقامات پر مصوری سے آراستہ تین بڑی دیواریں، ایک لائٹ پروجیکشن آرٹ، اور مصوری سے آراستہ 30 چھوٹی دیواریں نصب کرنا۔

چائنہ ٹاؤن کی گلیوں کو روشن کرنے والی لالٹینوں کی توسیع - DRI ایوارڈ: 689,000$
چار مراحل میں چائنہ ٹاؤن کے مزید حصوں میں گلیوں کو روشن کرنے والی لالٹینیں لگوانا تاکہ سڑکیں اور راستے زیادہ روشن ہوں اور پیدل ٹریفک کی حوصلہ افزائی ہو۔

<u>صحت، تندرستی، اور کاروباری مواقع میں اضافہ کرنا</u>

صحت و تندرستی کا ایک کمیونٹی سینٹر کھولنا – DRI ایوارڈ: 1,000,000$
60 میڈیسن اسٹریٹ پر ایک نیا صحت و تندرستی مرکز قائم کرنا جو ہر ثقافت سے تعلق رکھنے والے افراد کو اعلی معیار کی قابل رسائی جسمانی اور ذہنی صحت کی خدمات پیش کرے گا۔

سمتھ ہاؤسز پر بچوں کی دیکھ بھال اور خاندانوں کی معاونت کرنے والے مرکز کو دوبارہ کھولنا - DRI ایوارڈ: 550,000$
NYCHA کے الفریڈ ای سمتھ ہاؤسز میں واقع 4,700 مربع فٹ پر محیط بچوں کی دیکھ بھال اور خاندانوں کی معاونت کرنے والے مرکز کی مرمت و تزئین کروانا تاکہ وہاں ڈے کیئر اور دیگر معاون خدمات فراہم کی جا سکیں۔

عمارتوں کو اپ گریڈ کرنے کا فنڈ قائم کرنا - DRI ایوارڈ 1,000,000$

موجودہ چھوٹے کاروباری اداروں اور عمارتوں کے مالکان کو مقامی عمارتی اثاثوں میں بہتری لانے میں مدد کرنے کے لئے ایک گرانٹ پروگرام قائم کرنا۔

ثقافتی مراکز اور سہولیات کو مزید بہتر بنانا

چائنہ ٹاؤن استقبالی محراب / گیٹ وے بنانا - DRI ایوارڈ: $2,500,000
علاقے کے ثقافتی ورثے کو اجاگر کرنے اور سیاحوں اور مہمانوں کو اس علاقے کی طرف راغب کرنے کے لئے ایک تاریخی گیٹ وے محراب بنانا۔

ایشیائی طباخی آرٹس آف نیویارک کا قیام - DRI ایوارڈ: $352,000
تجارتی چینی کھانوں اور دیگر ایشیائی کھانوں میں مہارت رکھنے والے پیشہ ور افراد کی تربیت میں مدد کے لئے موجودہ 3،000 مربع فٹ کے باورچی خانے کی تزئین و آرائش کرنا۔

چائنہ ٹاؤن ثقافتی استقبالیہ مرکز قائم کرنا - DRI ایوارڈ: $300,000
مختلف اقوام اور نسلوں کے کھانوں، آرٹ، اور ثقافت سے متعلق معلومات کے تبادلے کی خاطر اجتماعات منعقد کرنے کے لئے ایک کمیونٹی مقام بنانا۔

نیویارک کے سیکریٹری آف سٹیٹ Robert J. Rodriguez نے کہا، "چائنا ٹاؤن جو ریاستہائے متحدہ امریکہ کے قدیم ترین اور سب سے بڑے چینی محلوں میں سے ایک ہے، وہ تاریخی ورثے اور ثقافت سے مالا مال ہے۔ متعدد "امی اور ابا" کاروباری اداروں کے اس گھر میں چھوٹے کاروباری مالکان کو عمارتوں اور بنیادی ڈھانچوں کی بہتری میں مدد کے لئے فنڈز فراہم کیے جا رہے ہیں۔عوامی مقامات کی افزوں کاری میں پارک رو کو خوبصورت بنانے کے اقدامات شامل ہیں - جو چائنا ٹاؤن کا گیٹ وے ہے - اور کملاؤ سکوائر اور سارہ ڈی روزویلٹ پارک میں عوامی اجتماعات کی جگہوں کو مزید وسعت دیناڈاؤن ٹاؤن ریویٹلائزیشن انیشئیٹو کے ذریعے ایک نیا کمیونٹی ہیلتھ اینڈ ویلنیس سینٹر قائم کرنے کے لیے بھی فنڈز فراہم کیے جا رہے ہیں جو تمام ثقافتوں سے تعلق رکھنے والے افراد کے لئے قابلِ رسائی سہولیات فراہم کرے گا۔ ان شاندار اور تبدیلی لانے والے منصوبوں کا متنوع مجموعہ ایک ایسے جامع نقطہ نظر کی نمائندگی کرتی ہے جو صحت اور رہائش کی سہولیات بہتر بنائے گی اور علاقے کے متنوع باسیوں، کارکنان، اور کاروبار مالکان کو معاشی مواقع فراہم کرے گی۔ چائنہ ٹاؤن کی کمیونٹی کو مبارکباد۔"

ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کے صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "چائنا ٹاؤن نیو یارک شہر کے ماتھے کا جھومر اور سیاحوں کو کھینچ لانے والا ایک مقام تو ہے ہی، لیکن ساتھ ہی یہ ایک جیتا جاگتا محلہ بھی ہے جسے بہت سے لوگ اپنا گھر کہتے ہیں۔ یہ DRI پراجیکٹس علاقے کی مشہور آرٹس اور ثقافتی تاریخ کو اجاگر کرکے علاقے کی معیشت کو فروغ دیتے ہیں، اور ساتھ ہی یہ امر بھی یقینی بناتے ہیں کہ چائنا ٹاؤن اپنے باسیوں کے لئے زندگی بسر کرنے کے لئے معیاری ضروریات بھی فراہم کرے، رہائشگاہوں سے لے کر سبز و شاداب باغات تک۔"

ہومز اینڈ رینیوئل کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا، "مین ہٹن چائنا ٹاؤن کے لئے ڈاؤن ٹاؤن ریویٹلائزیشن انیشئیٹو کا 11 واں ایوارڈ رہائشیوں کو اہم خدمات تک وسیع رسائی دینے کے ساتھ ساتھ نئے سیاحوں کو بھی اپنی طرف متوجہ کرنے اور کاروباری ترقی میں معاونت کے لئے اس علاقے کو اپنی شاندار ثقافت اور تاریخ استعمال کرنے میں بھی مدد دے گا۔ مقامی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے خصوصاً تشکیل دی گئی ان سٹریٹجک سرمایہ کاریوں کے ذریعے، گورنر Hochul نئے معاشی مواقع پیدا کرکے اور معیارِ زندگی بہتر بنا کر ہماری ریاست کے ٹاؤنز اور شہروں کی ترقی کے لیے کام کر رہی ہیں۔"

ریاستی سینیٹر Brian Kavanagh نے کہا، "چائنا ٹاؤن ہمارے شہر کے سب سے زیادہ پسندیدہ اور تاریخی محلوں میں سے ایک ہے، اور یہ نیویارک کی چینی اور چینی امریکی کمیونٹی رہائشیوں اور چھوٹے کاروباری مالکان کے لئے ایک اہم ثقافتی مرکز کے طور پر کام کرتا ہے جن کی نمائندگی کرنے پر مجھے فخر ہے۔ آج چائنا ٹاؤن کے لئے $20 ملین کے ریاستی ڈاؤن ٹاؤن ری وائٹلائزیشن انیشئیٹو (DRI) کے جزو کے طور پر گیارہ منصوبوں کا اعلان ایک بہت بڑی خوشخبری ہے اور اس علاقے میں معاشی ترقی اور سیاحت کو فروغ دینے میں مددگار ثابت ہوگا۔

منصوبوں کا یہ شاندار سلسلہ چائنا ٹاؤن کے پرجوش کمیونٹی رہنماؤں اور تنظیموں کے اعلی وژن اور لگن کا منہ بولتا ثبوت ہے، اور میں اس ضمن میں ان کی سخت محنت اور تعاون کا معترف اور شکرگزار ہوں۔ یہ منصوبے نہ صرف چائنا ٹاؤن کی بحالی کی کوششوں میں مدد کریں گے بلکہ وبا کے دوران اور اس کے بعد مکمل بحالی اور تعمیر نو کے لئے ریاست کے عزم کا بھی اعادہ کریں گے، خصوصاً وہاں جہاں اسکی ضرورت سب سے زیادہ ہے۔ مجھے گورنر Kathy Hochul اور ریاستی سیکرٹری Robert Rodriguez کے ساتھ مل ان فنڈز کا اعلان کرنے پر بہت مسرت ہوئی اور میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اس بات کو یقینی بنانے کے لئے اپنے مسلسل عزم کا اظہار کیا کہ ہماری کمیونٹیز کو وہ ریلیف ملے جس کی انہیں ضرورت ہے اور جس کے وہ مستحق ہیں۔"

رکن اسمبلی Yuh-Line Niou نے کہا، "مین ہٹن کا چائنا ٹاؤن وبا سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والی کمیونٹیز میں سے ایک ہے۔ اب، بہت سے کاروبار یا دوبارہ کھول رہے ہیں یا انہوں نے اپنے لازمی آپریشنز جاری رکھے ہوئے ہیں۔ ہماری کمیونٹی بہت مضبوط ہے اور اب جبکہ ہم COVID کی نئی لہر کا سامنا بھی کر رہے ہیں اور احیاء و بحالی کی کوششیں بھی، تو ان منصوبوں پر کام ہونا ہماری کمیونٹی کے لئے اضافی مضبوطی و قوت کا ذریعہ بنے گا۔ میں اپنے کمیونٹی شراکت داروں اور ریاستی ایجنسیوں کے ساتھ مل کر کام کرنے کی منتظر ہوں تاکہ یہ امر یقینی بنایا جا سکے کہ ان منصوبوں کے ذریعے ہماری کمیونٹی کو پھلنے پھولنے میں مدد بھی ملے اور چائنا ٹاؤن کو اہم مقامی وسائل بھی مہیا ہو جائیں۔"

کاؤنسل ممبر Christopher Marte نے کہا، "دہائیوں کی غفلت اور نظراندازی کے بعد ہم پارک رو کو دوبارہ کھولنے کے لئے گورنر Kathy Hochul کی طرف سے اتنی بڑی سرمایہ کاری ہونے پر انتہائی خوش ہیں۔ چائنا ٹاؤن کا داخلی راستہ 20 سال سے بند ہے اور اس سے پیدل ٹریفک اور مقامی معیشت پر بہت سنگین منفی اثر پڑا ہے۔ کملاؤ سکوائر کے احیاء اور بحالی کے ساتھ ساتھ یہ منصوبہ چائنا ٹاؤن کے مرکز کے لئے بھی ایک روشن نئے مستقبل کی نمائندگی کرتا ہے۔"

مین ہٹن بارو کے صدر Mark Levine نے کہا، "میں چائنا ٹاؤن کے ان متعدد رہنماؤں اور کارکنان کا شکر گزار ہوں جنہوں نے گزشتہ سال کے دوران اپنا وقت، مہارت اور تخلیقی صلاحیتوں کو اس کمیونٹی کے مستقبل کے لئے ایک تبدیلی لانے والی سرمایہ کاری کی منصوبہ بندی تیار کرنے میں صرف کیا۔ آج ہم جن منصوبوں کا اعلان کر رہے ہیں وہ چائنا ٹاؤن میں عوامی مقامات، معاشی صورتحال، اور معیار زندگی کے لئے ایک بڑا محرک ثابت ہوں گے۔ یہ اس علاقے کے لئے ایک حقیقی تاریخی لمحہ ہے۔"

نیو یارک شہر کی علاقائی معاشی ترقیاتی کونسل کے شریک صدر Winston Fisher، Fisher برادرز کے شراکت دار، اور سٹی یونیورسٹی آف نیویارک کے چانسلر Félix V. Matos Rodríguez نے کہا، "NYCREDC کو ان منصوبوں کی پیشرفت اور رفتار دیکھ کر مسرت ہوئی اور ہم ان فوائد کے متعلق بہت پر جوش ہیں جو چائنا ٹاؤن کو ان سے ملیں گے۔ ڈاؤن ٹاؤن ریویٹلائزیشن انیشیئیٹو ایک معاشی انجن ہے جو شہر کے منفرد مراکز کو ایسے انداز سے ترقی دے رہا ہے جو ہر کمیونٹی کے دلوں میں بھی اہمیت کا احساس پیدا کرتا ہے اور ان سیاحوں کے لئے بھی جو ان کے قدردان ہیں۔"

ریاست نیویارک DRI، جو اس کے اقتصادی ترقی کے پروگرام کا سنگ بنیاد ہے، ڈاؤن ٹاؤن کے گردونواح کو پُررونق مراکز میں تبدیل کرتا ہے جو اعلیٰ معیار کی زندگی پیش کرتے ہیں اور دوبارہ ترقی، کاروبار، ملازمت کی تخلیق، اور اقتصادی اور ہاؤسنگ تنوع کے لیے کشش رکھتے ہیں۔ ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ، ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوول اور NYSERDA کی مدد سے محکمۂ خارجہ کی سربراہی میں، DRI ایک بے مثال اور جدید "منصوبہ سازی-پھر-عمل" حکمتِ عملی کی نمائندگی کرتی ہے جو فوری طور پر عمل درآمد کے ساتھ تزویراتی منصوبہ بندی کو جوڑتی ہے اور اس کے نتیجے میں ٹھوس، چلنے کے قابل اندرونِ شہر بنتے ہیں جو ریاست نیو یارک کو COVID-19 عالمی وباء کے اثرات سے اپنی معیشت کی تعمیر نو میں مدد کرنے نیز عوامی سواریوں کے استعمال کو فروغ دے کر اور نجی گاڑیوں پر انحصار کم کر کے ریاست کے جرات مندانہ موسمیاتی اہداف کو حاصل کرنے میں ایک اہم جزو ہیں۔ DRI کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418